Page no - 8

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ جمعہ، 14 ستمبر، 2012ء

# بجلی قیمتیں 5 روپے یونٹ تک بڑھانے کیلیے نیپرا کو درخواست

اسلام آباد (رپورٹ ارشاد انصاری) بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈیسکوز) نے رواں مالی سال 13-2012 کیلیے بجلی کی قیمتوں میں ڈھائی روپے سے ساڑھے 5 روپے فی یونٹ تک اضافے کی درخواست دے دی ہے۔ 50 یونٹ ماہانہ تک بجلی استعمال کرنے والے لائف لائن صارفین کیلیے قیمتوں میں بھی ڈھائی روپے سے ساڑھے 4 روپے فی یونٹ تک اضافہ کرنے کی درخواست کی گئی ہے، نیپرا ذرائع نے ،،ایکسپریس،، کو بتایا کہ حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی درخواست دینے والی کمپنیوں میں شامل نہیں، فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی نے 50 یونٹ ماہانہ تک بجلی استعمال کرنیوالے گھریلو صارفین کیلیے سابقہ قیمت برقرار رکھنے کی درخواست کی ہے۔